Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

جاب سٹارٹ پیمنٹ یعنی ملازمت شروع کرنے کے لیے ادائیگی

جاب اسٹارٹ پیمنٹ کیا ہے؟

یہ یکمشت ادائیگی ہے سکاٹ لینڈ کے ان نوجوانوں کے لیے £314.45 کی جو مخصوص بینفٹس یعنی مالی وظائف پر ہیں، اور نیا کام شروع کرنے کے اخراجات میں مدد کی ضرورت ہے۔ اگر اس شخص کا ایک بچہ ہے، تو اسے £503.10 مل سکتے ہیں۔

کون اسے حاصل کر سکتا ہے؟

اہل ہونے کے لیے ایک شخص کو درج ذیل تمام معیارات پر پورا اترنا چاہیے:

- 16 سے 24 سال کی عمر کا ہو؛ یا 16 سے 25 سال کی عمر کا کیئر لیور ہو یعنی رضاعی نگہداشت یا رہائشی جگہ میں رہنا چھوڑ رہا ہو
- نوکری کی پیشکش کے دن سکاٹ لینڈ میں رہتا ہو
- ان کے پاس بامعاوضہ کام کے لیے نوکری کی پیشکش ہو
- ملازمت کا اوسطاً 4 ہفتے کی مدت کیلئے، فی ہفتہ 12 گھنٹے یا اس سے زیادہ ہونا چاہیے۔ اسے مستقل ملازمت ہونے کی ضرورت نہیں
- بامعاوضہ کام کے بغیر ہونا اور 6 ماہ یا اس سے زیادہ کے لیے کوالیفائنگ بینیفٹ یعنی جن مالی وظائف کا اہل ہو * کی وصولی کرتا ہو، یا اگر کوئی کیئر لیور بامعاوضہ کام سے باہر ہو اور نوکری کی پیشکش کے وقت کوالیفائنگ بینیفٹ وصول کرتا ہو (کیئر لیور کو 6 ماہ کے لیے کوالیفائنگ بینیفٹ کی وصولی کرنے کی ضرورت نہیں)۔

* کوالیفائنگ بینفٹس یعنی جن مالی وظائف کا اہل ہو میں شامل ہیں:
- انکم بیسڈ جاب سیکرز الاؤنس (JSA)
- انکم سپورٹ
- انکم ریلیٹڈ ایمپلائمنٹ اینڈ سپورٹ الاؤنس (ESA)
- یونیورسل کریڈٹ (UC)

کسی کو کب تک درخواست دینا ہے؟

ان کے پاس درخواست دینے کے لیے اپنی نوکری کی پیشکش ملنے سے 3 ماہ تک کا وقت ہوتا ہے۔

کونسے ثبوت درکار ہوں گے؟

نوکری کی پیشکش کی تصدیق۔ یہ ایک ٹیکسٹ میسج، خط، یا آجر کی طرف سے ای میل ہو سکتا ہے۔ ہم ان کی فوٹو کاپی یا اسکرین شاٹس قبول کریں گے اور انہیں آن لائن اپ لوڈ کیا جا سکتا ہے یا ڈاک کے ذریعے فراہم کیا جا سکتا ہے۔

اگر وہ کیئر لیور ہیں یعنی رضاعی نگہداشت یا رہائشی جگہ میں رہنا چھوڑ رہے ہیں تو کیا ہوگا؟

ہم صرف اس شخص کے کیئر لیور ہونے کے ثبوت کی درخواست کریں گے اگر وہ:

- 25 سال کے ہوں جب انہیں نوکری کی پیشکش کی گئی تھی
- 6 ماہ سے کم عرصے سے کوالیفائنگ بینیفٹ یعنی جن مالی وظائف کے اہل ہوں حاصل کر رہے ہوں
- 6 ماہ سے بھی کم عرصے سے بامعاوضہ کام کے بغیر ہوں

mygov.scot/jobpayment

حقائق کا پرچہ

کئیر لیور کون ہوتا ہے؟

ایک شخص کیئر لیور ہوتا ہے اگر اس نے نگہداشت میں وقت گزارا ہے لیکن بعد میں، یا اپنی 16ویں سالگرہ کے بعد یا اس کے بعد نگہداشت کے تحت رہنا بس کر دیا ہو۔

یہ یا تو رضاعی ، رہائشی، محفوظ یا رسمی رشتہ داری کی دیکھ بھال میں رہنے کی جگہ ہو سکتی ہے۔

وہ پیسے کیسے حاصل کرتے ہیں؟

ہم اسے براہ راست ان کے منتخب کردہ اکاؤنٹ میں ادا کرتے ہیں۔

کیا انہیں یہ رقم واپس کرنے کی ضرورت ہے؟

نہیں.

وہ پیسہ کس چیز کے لیے استعمال کر سکتے ہیں؟

اسے کام شروع کرنے کے لیے کسی بھی چیز پر خرچ کیا جا سکتا ہے جیسے لباس، سفر یا لنچ۔

کیا یہ دوسرے بینفٹس یعنی مالی امداد کو متاثر کرے گا؟

یہ حالات پر منحصر ہے، جاب اسٹارٹ پیمنٹ یا ان کی نئی جاب دیگر بینفٹس کو متاثر کر سکتی ہے۔ لوگوں کو آزادانہ مشورہ ملنا چاہیے۔

کوئی کتنی بار درخواست دے سکتا ہے؟

اگر کسی کو ادائیگی مل چکی ہے، تو وہ دو سال گزر جانے تک دوسری رقم حاصل نہیں کر سکے گا۔

کوئی کیسے درخواست دے سکتا ہے؟

لوگ مزید معلومات **.mygov.scot/jobpayment** پر حاصل کر سکتے ہیں اور آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ لوگ فون پر خود بھی درخواست دے سکتے ہیں یا ہمیں **0800 182 2222** پر مفت کال کرکے ڈاک کے ذریعے کاغذی درخواست فارم طلب کرسکتے ہیں۔

COST OF LIVING SUPPORT

بہت سے لوگ رہن سہن کے اخراجات کے بارے میں فکر مند ہوتے ہیں۔ آپ تنہا نہیں ہیں. یہ جاننے کے لیے کہ آپ کس مدد کے حقدار ہو سکتے ہیں، برائے مہربانی ملاحظہ کریں۔ **.gov.scot/costoflivingsupport** یا اپنے لوکل سٹیزن ایڈوائس بیورو پر جائیں ۔

لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟

ہمیں مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: 0300 244 4000 +18001(سماعت میں مشکل رکھنے والوں کے لیے)

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

Webchat: chat.socialsecurity.gov.scot

سوشل سکیورٹی سکاٹ لینڈ کی پیروی کریں